ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(472)

31-08-2023

**بہاولپور(             )وزیراعلی پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھرمیں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورکریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری،گزشتہ ایک ہفتے میں 173 مقدمات درج کرکے متعدد ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدارمیں شراب ومنشیات برآمد کرلی۔منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب اورانسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا،جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن جاری ہے۔منشیات مافیا کے خلاف جاری مہم میں بہاولپور پولیس نے اب تک 173 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے ۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 10,006 لیٹر شراب ولہن ، 30 عدد چالو بھٹیاں، 76 کلو 659 گرام چرس ،166 گرام آئس اور 53 کلو بھنگ برآمد کرلی۔جبکہ جاری مہم کے دوران 42 منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایا گیا۔اس موقع پر ڈی پی اوسید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی،خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہرصورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:وزیراعلیٰ پنجاب اورآئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھرمیں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپورکریک ڈاؤن،متعدد ملزمان گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ومنشیات برآمد کرلی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (473)

31.08.23

**بہاولپور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں فوکل پرسن پولیس تحفظ مرکز ڈی ایس پی لیگل عبدالرف جاوید کی ڈسٹرکٹ ہیڈ چائلڈ پروٹیکشن بیورو سے ملاقات۔پولیس تحفظ مرکز کے اقدامات بارے بریفنگ دی۔پولیس تحفظ مرکز اور چائلڈ پروٹیکشن بیورو بچوں کی حفاظت اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مل کر کام کریں گے۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے احکامات کی روشنی میں فوکل پرسن پولیس تحفظ مرکز ڈی ایس پی لیگل عبدالرف جاوید اور انچارج پولیس تحفظ مرکز محمد ایوب SI نے ڈسٹرکٹ ہیڈ چائلڈ پروٹیکشن بیورو مس نوشابہ ملک سے ملاقات کی اور پولیس تحفظ مرکز کے اقدامات بارے بریفنگ دی۔انہوں نے بتایا کہ پولیس تحفظ مرکز ٹرانسجینڈر رکمیونٹی اور بچوں کے تحفظ سمیت معاشرے کے تمام کمزور ومحکوم طبقات، گونگے بہرے خصوصی افراد، ذہنی وجسمانی معذوری کے شکار افراد، بے گھر و بے سہارا بچوں، اور نشے وسماجی برائیوں میں پھنسے کم عمر بچوں کی بحالی، تحفظ اور مشکلات کے ازالے کے لیے کام کر رہا ہے۔میٹنگ کے دوران گمشدہ بچوں اور بھیک مانگنے والے بچوں پر بات چیت کی گئی۔میٹنگ کے دوران یہ طے ہوا کہ پولیس تحفظ مرکز اور چائلڈ پروٹیکشن بیورو بچوں کی حفاظت اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مل کر کام کریں گے اور تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں گے اور ایسے بچوں کے نجی و کاروباری اداروں میں روزگار کے حصول کے لئے بھی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ڈسٹرکٹ ہیڈ چائلڈ پروٹیکشن بیورو نے پولیس تحفظ مرکز کے کردار کو سراہا اور اس حوالے سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ خدمت، تحفظ و بحالی کا یہ سفر جاری رہے گا اور عوام الناس کے لیے سہولیات بہم پہنچانے میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں فوکل پرسن پولیس تحفظ مرکز ڈی ایس پی لیگل عبدالرؤف جاوید اور انچارج پولیس تحفظ مرکز کی ڈسٹرکٹ ہیڈ چائلڈ پروٹیکشن بیورو سے ملاقات، باہمی تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی